بسم اللہ الرحمن الرحیم

امین الامت کون سے صحابی ہیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امین الامت کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب

حضرت سیدنا ابو عبیدہ بن الجراح رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ وہ خوش نصیب صحابی ہیں جنہیں بارگاہِ رسالت سے "امین الامت" ہونے کا لقب عطا ہوا، چنانچہ صحیح بخاری میں ہے: لكل أمة أمين، وأمين هذه الأمة أبو عبيدة بن الجراح۔ ترجمہ: ہر امت میں ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کے امین ابو عبیدہ بن جراح ہیں۔ (صحیح البخاری، جلد5، صفحہ 172، مطبوعہ دار طوق النجاۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو الفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-063

تاریخ اجراء: 17 ربیع الاول 1448ھ/31 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net